Series : OSS/1

کوڈ نمبر
Code No. **257/1**

Roll No. | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **4** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer script during this period.

- آپ جانچ لیجئے کہ اس پرچے میں چھپے ہوئے صفحات **4** ہیں۔
- پرچے کے اوپر دائیں ہاتھ کی طرف چھپا ہوا کوڈ نمبر آپ کو اپنی جواب کاپی کے اوپری حصے پر لکھنا ضروری ہے۔
- مہربانی سے جانچ لیجئے کہ اس پرچے میں چھپے ہوئے سوالوں کی تعداد **25** ہے۔
- **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھیے۔**
- اس پرچے کو پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 تک طلباء صرف سوال کا پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کوئی جواب نہیں لکھیں گے۔

# SOCIOLOGY

# سماجیات

*Time allowed : 3 hours]* *[Maximum marks : 80*

مقرّرہ وقت : 3، گھنٹے گُل نمبر : 80

**عام ہدایات :**

(i) سوال کی مجموعی تعداد 25 ہے۔

(ii) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) سوال نمبر **1** تا **14** میں ہر ایک سوال **2** نمبر کا ہے اور ہر سوال کا جواب لگ بھگ **30** لفظوں میں دیجئے۔

(iv) سوالات نمبر **15** تا **21** میں ہر سوال **4** نمبر کا ہے اور ہر ایک سوال کا جواب لگ بھگ **80** لفظوں میں دیجئے۔

(v) سوالات نمبر **22** تا **24** میں ہر ایک سوال **6** نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب لگ بھگ **200** لفظوں میں دیجئے۔

(vi) سوال نمبر **25** بھی **6** نمبر کا ہے اور اس کا جواب دِئے ہوئے اِقتباس کی بنیاد پر دینا ہے۔

(vii) آپ کے جواب ٹھیک ٹھیک اور سوالوں کے مطابق ہونے چاہئے۔

1. کان میں کام کرنے والوں کے در پیش کچھ مسائل بیان کیجئے۔ 2

2. نو آبادیات سے آئی کوئی دو ساختیاتی تبدیلیاں (structural changes) بیان کیجئے۔ 2

3. انجذاب (اپنے میں سمونا - assimilation) کی اصطلاح کا مطلب بیان کیجئے۔ 2

4. وسائل کی حرکت پذیری (resource mobilization) کا نظریہ سماجی تحریکات کے بارے میں کیا بتاتا ہے؟ 2

5. ہڑتال یا تالہ بندی کا فرق بیان کیجئے۔ 2

6. نو آبادیاتی قانون نے چائے کی صنعت کے مالکوں اور مینیجروں کو کیسے فائدہ پہنچایا؟ 2

7. نو آبادیاتی حکومت میں کاسٹ یا ذات میں آئی کوئی دو تبدیلیاں بیان کیجئے۔ 2

8. ثقافتی تنوع (Cultural Diversity) سے کیا مُراد ہے؟ 2

9. مارکس کے مطابق خارجیت یا (غیر ملکی) خارجی مزدور کے کیا معنی ہیں؟ 2

10. ٹرانس نیشنل ٹیلی ویژن (پار قومی ٹیلی ویژن) کمپنیوں نے اپنے آپ کو کس طرح ہندوستانی سامعین کے مطابق ڈھال لیا ہے؟ 2

11. کارپوریٹ کلچر (Corporate culture) کا کیا مطلب ہے؟ 2

12. 'غیر مرئی ہاتھ' (نظر نہ آنے والا ہاتھ - invisible hand) کہاوت کا کیا مطلب ہے؟ 2

13. براہ راست جمہوریت (Direct Democracy) کا کیا مطلب ہے؟ 2

14. آج کے صنعتی سماجوں کی اہم خصوصیات کیا ہیں؟ 2

15. جمہوریت کے محافظ (watchdog of democracy) کی شکل میں کام آنے کے لئے ماس میڈیا سے کیا امید کی جاتی ہے؟ 4

16. معاشرتی ہیئتِ ترکیبی سے خاندانی ہیئتِ ترکیبی (Family structure) میں تبدیلی کس طرح آ سکتی ہے؟ 4

**یا**

قومی ترقی اور قبیلائی ترقی میں تصادم کے ماخذوں (sources of conflict) پر روشنی ڈالیے۔

17. وہ کیا مدعے (issues) تھے جن کے خلاف جھارکھنڈ تحریک کے لیڈر مظاہرہ (agitation) کر رہے تھے؟ 4

18. نرم کاری (لبرلائیزیشن) کی معاشی پالیسی بیان کیجئے۔ 4

**یا**

ثقافت پر گلوبلائیزیشن کا اثر بیان کیجئے۔

19. نیائے پنچائتیں (Nyaya Panchayats) کیا ہیں؟ ان کے پاس کیا اختیارات ہیں؟ 4

20. شہری سماجی تنظیموں (Civil Society Organizations) کے ذریعے اٹھائے گئے کچھ مدعے (issues) کیا ہیں؟ 4

21. کموڈی فیکشن (Commodification) کیا ہے؟ مثالیں دے کر سمجھائیے۔ 4

22. ذات اور قبیلے میں امتیاز (فرق - discrimination) کو کم کرنے کے لئے حکومت (اسٹیٹ) کی کچھ پیش قدمیوں (کی گئی پہل) کے متعلق بیان کیجئے۔ 6

23. سنکرتائزیشن (Sanskritization) کے معنی بیان کیجئے۔ مختلف سطحوں پر اس پر نکتہ چینی (تنقید) کیوں کی جاتی ہے؟ 6

24. آزادی کے بعد شروع کئے گئے اہم زمین کے سدھار کیا تھے؟ 6

**یا**

سبز انقلاب (Green revolution) کے نتائج کیا تھے؟

25. درج ذیل اقتباس کوغور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھئے :

## ٹونی* علاقوں میں لاڈلی کے اثر میں شک

نئی دہلی : یہ پہلی بار ہے کہ 2008 میں راجدھانی میں لڑکوں کے مقابلے لڑکیاں زیادہ پیدا ہوئیں۔''یہ مان لینا تھوڑاسا غیر منطقی (illogical) ہے کہ 'لاڈلی' کی وجہ سے ان طبقوں میں بھی لڑکی پیدائش سے پہلے مارنے (female foeticide) پر قابو پا لیا گیا ہے۔'' ایک سینیر افسر نے 'ٹونی' بستیوں میں مخالف جنسی تناسب (Adverse Sex Ratio) پر رائے دیتے ہوئے (تبصرہ کرتے) کہا''ہم اعداد (figures) کا صرف یہ مطلب لگا رہے ہیں کہ لڑکیوں کی پیدائش میں اضافہ ہوا ہے۔'' لاڈلی اسکیم کا فائدہ اٹھانے کے لئے کسی خاندان کی سالانہ آمدنی ایک لاکھ روپے سے کم ہونی چاہئے۔ ستم ظریفی (مذاق - Ironically) یہ ہے کہ 2001 کی مردم شاری سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جنسی تناسب (عورت مرد تناسب) مڈل کلاس اور اونچی مڈل کلاس کی جن بستیوں میں جن میں پنجابی باغ، گریٹر کیلاش اور مالویہ نگر شامل ہیں، جنسی شرح سب سے بری ہے۔

'لاڈلی' اسکیم کے تحت ہر بچی کی پیدائش کے وقت 600/500 روپے پانے کا حق ہے، یہ اس بات پر منحصر ہے کہ بچی کی پیدائش سرکاری ہسپتال میں ہوئی ہو اور اس کے بعد I، VI، IX، X اور XII کلاس میں داخلے لیتے وقت سرکار ہر ایک مرتبہ -/5,000 روپے جمع کراتی ہے، یہ رقم لمبی مدت کے لئے جمع (Long Term Fixed Deposit) بچی کے نام پر جمع رکھی جاتی ہے۔ جسے وہ 18 سال کی عمر ہو جانے پر نکال سکتی ہے۔

(ٹائمس آف انڈیا، 2009-8-15)

(* نوٹ : ٹونی کا مطلب ہے شاندار یا امیرانہ یعنی ایسا علاقہ یا پڑوس جہاں مقابلتاً زیادہ امیر لوگ رہتے ہیں۔)

(الف) جنسی تناسب کی تعریف بیان کیجئے۔ اس سلسلے میں 'مخالف' (Adverse) یا گرتا جنسی تناسب کا کیا مطلب ہے ؟ 2

(ب) کیا آپ مانتے ہیں کہ ناموافق جنسی تناسب کے مسئلے کو حل کرنے میں لاڈلی اسکیم جیسی اسکیمیں مدد کرسکتی ہیں ؟ دلائل کے ساتھ جواب دیجئے۔ 4